چمنستان

ظفر علی خاں

پبلشرز یونائیٹڈ، چوک انارکلی لاہور

بار اول ——— ۲۰۰۰

قیمت ——— پانچ روپے

سنہ ۱۹۴۴ء

شیخ محمد نصیر ہمایوں سکرٹری پرنٹرز و پبلشرز نے مرکنٹائل پریس لاہور میں
چھپوا کر پبلشرز یونائیٹڈ لاہور سے شائع کی۔

(۱۵۵)

لدھیانہ

سُنتا ہوں مرکزِ علما لدھیانہ ہے　　جس کی گلی گلی میں اُنہیں کا فسانہ ہے

لیکن یہ کیا کہ نغمۂ توحید کی بجائے　　اُن کی زباں پہ برہمنوں کا ترانہ ہے

گر بام خانہ ہے تو کلس سومنات کا　　اور ہردوار اُن کے لئے صحن خانہ ہے

ہیں سیم و زر سے مصلحتیں اُن کی ہم کنار　　جن کا کفیل گاندھیوں کا خزانہ ہے

صُورت تو مومنانہ ہے بیشک حضور کی　　سیرت کا گوشہ گوشہ مگر ہندوانہ ہے

بڑھنے لگی ہے اب جو مسلماں سے رسم و راہ　　شُدھی کا ہو نہ ہو یہ نیا شاخسانہ ہے

کیوں آستانِ غیر پہ اس کو جھکاؤں میں　　یا رب یہ سر ہے اور ترا آستانہ ہے

اے برق کیا مجھے تری چشمک زنی سے خوف　　برتر ز شاخ سدرہ مرا آشیانہ ہے

جب ہم محمدِ عربی کے غلام ہیں
کیا غم اگر خلاف ہمارے زمانہ ہے

۲۶ جولائی ۱۹۳۸ء